فوری ریلیز کے لیے: 14/12/2022   گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نقل و حمل کی برق کاری کے اقدامات کے لیے 23$ ملین کی فنڈنگ اور ایوارڈز کا اعلان کیا ہے

پسماندہ کمیونٹیز سمیت، بفلو، راچیسٹر اور سیراکیوز میں فاسٹ چارجرز کی تنصیب کرنے کے لیے 8$ ملین دستیاب ہیں

بالائی نیویارک میں رسائی کو بہتر بنانے کے لیے چارج پوائنٹ اور EV گیٹ وے کے لیے 7$ ملین کے ایوارڈز کا اعلان کیا گیا ہے

برقی اسکول بسوں اور پیرا ٹرانزٹ بسوں کی معاونت کے لیے نیویارک ٹرک واؤچر انسینٹیو پروگرام کے لیے 8$ ملین دستیاب بنائے گئے ہیں

2050 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 85 فیصد کم کرنے کے لیے کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کو سپورٹ کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک میں نقل و حمل کی برق کاری کے اقدامات کے لیے فنڈنگ اور ایوارڈز کی مد میں 23$ ملین کا اعلان کیا ہے۔ آج کے اعلان میں پسماندہ کمیونٹیز سمیت، بفلو، راچیسٹر، اور سیراکیوز میں الیکٹرک گاڑی کے بنیادی ڈھانچے کی تنصیب کے لیے ڈائریکٹ کرنٹ فاسٹ چارجر پروگرام کے تیسرے مرحلے کے تحت دستیاب ہونے والے 8$ ملین شامل ہیں؛ ڈائریکٹ کرنٹ فاسٹ چارجر پروگرام کے مراحل اول اور دوم کے تحت بالائی نیویارک میں رسائی کو بہتر بنانے کے لیے چارج پوائنٹ اور EV گیٹ وے کو 7$ ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں اور نیو یارک ٹرک واؤچر انسینٹیو پروگرام کے تحت الیکٹرک اسکول بسوں اور پیرا ٹرانزٹ بسوں کے لیے 8$ ملین دستیاب بنائے گئے ہیں۔ یہ اقدامات ریاست کے قومی سطح پر موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کی حمایت کرتے ہیں کہ 2050 تک گرین ہاؤس گیسز کے اخراج کو 85 فیصد تک کم کیا جائے اور یہ کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات میں 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، کم از کم 35 فیصد تک، پسماندہ کمیونٹیز میں پہنچائے جائیں۔

"ریاست بھر میں فضائی آلودگی کو کم کرنا نہ صرف ہماری کمیونٹیز کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے اہم ہے، بلکہ یہ صاف نقل و حمل کے طریقوں میں سرمایہ کاری کرنے کا ایک ولولہ انگیز موقع بھی فراہم کرتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "سڑکوں پر مزید الیکٹرک بسیں لاتے ہوئے اور پسماندہ علاقوں میں فاسٹ چارجرز لگاتے ہوئے، ہم نیویارک کے شہریوں کو پائیدار نقل و حمل میں جدید ترین پیش رفت تک رسائی فراہم کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنے سے نہ صرف مساوات اور پائیداری کو فروغ ملتا ہے، بلکہ اس بات سے سب کے لیے ایک روشن، صاف ستھرے مستقبل کی راہ بھی استوار ہوتی ہے۔"

NYSERDA کی صدر اور CEO، Doreen M. Harris نے کہا، "ہمیں اپنے شراکت داروں چارج پوائنٹ اور EV گیٹ وے کے ساتھ کام کرنے پر فخر ہے تاکہ بالائی نیویارک میں الیکٹرک گاڑیوں کی چارجنگ کو متعارف کروایا جا سکے اور جدید ترین ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے کو حکمت عملی کے ساتھ ایسے مقامات پر نصب کیا

جائے جہاں اب تک فاسٹ چارجر کی کم تنصیبات پائی جاتی ہیں۔ الیکٹرک بسوں سمیت، الیکٹرک گاڑیاں، کمیونٹی کے اراکین اور بچوں کی مدد کرتی ہیں تاکہ وہ اپنی روٹین کے حصے کے طور پر کام، اسکول یا دیگر ضروری کاموں کو مکمل کرنے کے لیے صاف نقل و حمل تک آسان رسائی حاصل کر سکیں۔"

ڈائریکٹ کرنٹ فاسٹ چارجر (The Direct Current Fast Charger، DCFC) پروگرام، جس کا انتظام و انصرام ریاست نیویارک کے محکمہ برائے توانائی کی تحقیق اور ترقی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) کی جانب سے کیا جاتا ہے، یہ پروگرام الیکٹرک گاڑی (electric vehicle, EV) کے ڈویلپرز اور تنصیب کاروں سے تجاویز طلب کرتا ہے جن کے پاس کم از کم دو سال کا تجربہ موجود ہے اور جو کم از کم 10 فاسٹ چارجرز یا 200 لیول کے 2 چارجرز چلا رہے ہیں۔ اس صلاح کاری کے تحت، ایسی تجاویز کو زیرِ غور لایا جائے گا جو فاسٹ چارجنگ کے دو یا دو سے زیادہ مقامات بنا سکتی ہوں، جس میں تمام سٹیشنز میں سے کم از کم آدھے کسی پسماندہ علاقوں میں واقع ہوں۔ ہر مقام کی اتنی استعداد ہونی چاہیئے کہ کم از کم چار گاڑیاں چارج کر سکے اور اس مقام کی کُل گنجائش 600 کلو واٹ یا اس سے زیادہ ہونی چاہیئے۔ مزید یہ کہ، ہرہر مقام کو بفلو، راچسٹر، یا سیراکیوز کے شہری مراکز کے 12 میل کے اندر واقع ہونا چاہیئے، اور ہر تجویز میں کم از کم ایک مقام شہر کی حدود کے اندر ہونا چاہیئے۔

NYSERDA کی جانب سے پروگرام کے مرحلہ سوم کے لیے 28 فروری 2023 تک اہل EV ڈویلپرز اور تنصیب کاروں سے درخواستیں قبول کی جائیں گی، اور شائع شدہ معیار کی بنیاد پر ایک اسکورنگ کمیٹی تمام تجاویز کا جائزہ لے گی۔ منصوبہ کے حصے کے طور پر لیول 2 EV چارجرز یا تقسیم شدہ توانائی کے وسائل کو باہم‌دریافت کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے، ایک ویبینار کا انعقاد 20 دسمبر 2022 کو دن 2 بجے ET کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ آج اعلان کیا گیا ہے کہ پروگرام کے پہلےدو مراحل میں پیش کردہ فنڈنگ سے دو ایوارڈز ایسے ہیں جو بالائی نیویارک کے دیگر علاقوں میں تیز چارجر تک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے دیئے گئے ہیں۔ ایوارڈز میں شامل ہیں:

- **چارج پوائنٹ، $7 ملین** - مرحلہ اول اور مرحلہ دوم کے تحت دیا گیا، چارج پوائنٹ مرکزی نیویارک، نارتھ کنٹری، فنگر لیکس، مغربی نیویارک، اور موہاک ویلی کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے علاقوں میں سے ہر ایک میں چار مقامات پر فاسٹ چارجنگ اسٹیشنز نصب کرے گا۔ ہر سائٹ میں EV ڈرائیوروں کے لیے چار DC فاسٹ چارج پلگ ہوں گے جن کا 25 فیصد (یعنی 20 میں سے 5) کسی پسماندہ کمیونٹی کے آدھے میل کی حدود کے اندر واقع ہو گا۔
- **EV گیٹ وے، $750,000** - مرحلہ دوم کے تحت نوازا گیا، EV گیٹ وے جنوبی جانب والی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسل کے علاقے میں تین مقامات پر تیز رفتار چارجنگ اسٹیشنز نصب کرے گا۔ ہر سائٹ میں EV ڈرائیوروں کے لیے چار DC فاسٹ چارج پلگز اور دو لیول 2 پلگز ہوں گے جن کا 66 فیصد (یعنی 3 میں سے 2) کسی پسماندہ کمیونٹی کے آدھے میل کی حدود کے اندر واقع ہو گا۔

اور آج نیویارک ٹرک واؤچر انسینٹیو پروگرام (_New York Truck Voucher Incentive Program، NYTVIP) پروگرام کے تحت، نئی، صفر کے اخراج والی تمام الیکٹرک اسکول بسوں کے خریداروں کے لیے $6 ملین دستیاب بنائے جا رہے ہیں، جس میں کمیونٹی کی معاون خدمات فراہم کرنے والی الیکٹرک پیرا ٹرانزٹ گاڑیاں خریدنے کے لیے اضافی $2 ملین دستیاب بنائے گئے ہیں۔ یہ پروگرام اس شرط پر گاڑیوں کی اضافی لاگت کے 100 فیصد تک احاطہ کر سکتا ہے کہ یہ بسیں بس ڈپو میں رکھی جائیں گی یا کسی پسماندہ کمیونٹیکے آدھے میل کے اندر واقع روٹس پر چلائی جائیں گی۔

ڈائریکٹ کرنٹ فاسٹ چارجر پروگرام اور نیویارک ٹرک واؤچر انسینٹیو پروگرام دونوں کے لیے کی گئی فنڈنگ $127.7 ملین فیڈرل ووکس ویگن سیٹلمنٹ (Volkswagen Settlement) فنڈز کا حصہ ہے جو ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے زیر انتظام ہے۔ DCFC پروگرام کے لیے اضافی فنڈنگ RGGI نیلامی سے

حاصل ہونے والی رقم سے آتی ہے۔ DCFC پروگرام الیکٹرک گاڑیوں کے لیے عوامی طور پر دستیاب چارجنگ اسٹیشنوں کی تعمیر کے لیے لاگت کا 80 فیصد تک فراہم کرتا ہے، جو نیشنل الیکٹرک وہیکل انفراسٹرکچر (National Electric Vehicle Infrastructure، NEVI) پروگرام سے فنڈنگ کا استعمال نہیں کرتا ہے اور یہ NEVI پروگرام کے قواعد کے تابع نہیں ہے۔

محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "اخراجات کو کم کرنے اور نیویارک کے قومی قیادتی آب و ہوا کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے، الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال کو تقویت دینے کے لیے ہماری ریاست اہم مدد فراہم کر رہی ہے۔ ان اہم سرمایہ کاریوں کے لیے میں گورنر Hochul کو سراہتا ہوں تاکہ الیکٹرک گاڑیوں کی مارکیٹ کو فروغ دینے کے لیے بالائی کمیونٹیز کی مزید مدد کی جائے، نیویارک کے زیادہ سے زیادہ شہریوں کے لیے EVs کو قابل رسائی بنایا جا سکے، اور صاف نقل و حمل کی جانب منتقلی کے صحت، ماحولیاتی اور اقتصادی ثمرات فراہم کرنے میں مدد ملے۔"

NYPA کے عارضی صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا، "ریاست نیویارک نے صاف ستھرے، سر سبز نقل و حمل کے نظام کی جانب منتقلی کو آگے بڑھانے کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے میں رہنما بننے کا عہد کیا ہوا ہے۔ گورنر Hochul کی جانب سے ہدایت کے مطابق، آج کا اعلان ایک باہمی کوشش پر روشنی ڈالتا ہے، جس کے نتیجے میں پسماندہ کمیونٹیز سمیت، بالائی شہروں میں چارجنگ تک رسائی کو بہتر بنانے کے لیے اور بھی زیادہ مراعات فراہم کی جائیں گی، اور بس ٹرانسپورٹ کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کے وسیع استعمال کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ نیویارک بجلی اتھارٹی کے EVolve NY فاسٹ چارجنگ نیٹ ورک نے وسیع پیمانے پر بجلی اور پائیداری کی جانب راہ ہموار کی ہے۔"

ریاست نیویارک محکمہ آمد و رفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا، "ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اہداف کو پورا کرنے کے لیے، ریاست بھر میں اپنے متعدد شراکت داروں کے ساتھ باہم مل کر کام کرتے ہوئے، محکمۂ آمد ورفت ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے تاکہ اپنے قومی قیادتی صاف توانائی اور آب و ہوا کے اہداف کو حاصل کرنے میں نیویارک کے شہریوں کی مدد کی جائے۔ بالائی نیویارک میں پسماندہ کمیونٹیز کے لیے الیکٹرک چارجنگ تک رسائی کے بارے میں آج کا اعلان اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ الیکٹرک سکول اور پیرا ٹرانزٹ بسوں کے لیے مراعات فراہم کرتے ہوئے، ریاست ایک زیادہ صاف تر، زیادہ سر سبز نیویارک کے لیے پُرعزم ہے۔ سرسبز انقلاب کا دارومدار ہم پر ہے، اور گورنر Hochul کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ، نیویارک نے اس راہ کی رہنمائی کو جاری رکھا ہوا ہے۔"

ریاستی سینیٹر Tim Kennedy نے کہا، "CLCPA میں بیان کیے گئے اپنے آب و ہوا کے اہداف کی مکمل معاونت کرنے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ ریاست نیویارک میں پائیدار سبز بنیادی ڈھانچے اور بجلی کی فراہمی کے اقدامات میں ہم سرمایہ کاری کر رہے ہوں۔ آج کے اعلان سے صاف توانائی تک زیادہ رسائی پیدا ہو گی اور ریاست بھر میں صفر اخراج والی گاڑیوں کی جانب منتقلی کی ترغیب جاری رہے گی۔"

رکن اسمبلی William Magnarelli نے کہا، "میں NYSERDA کی جانب سے اس اعلان کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ نقل و حمل کی برق کاری کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ بنیادی ڈھانچے کی کمی ہے۔ زیادہ تر لوگ EV پر سنجیدگی سے غور نہیں کریں گے جب تک کہ وہ قابلِ بھروسہ طریقے سے اس کو چارج نہ کر لیں۔ اس کوشش میں آج اعلان کردہ پروجیکٹس ایک اہم قدم ہیں۔"

رکن اسمبلی Patricia Fahy نے کہا، "نیویارک کے نقل و حمل کے سیکٹر کی برق کاری کرنا — جو ریاست میں تمام گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا ایک تہائی حصہ شمار ہوتا ہے — ہماری حکمت عملی میں ایک ضروری جز ہے تاکہ موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ میں بیان کردہ آب و ہوا کے مینڈیٹس کو پورا کیا جائے۔ آج کی سرمایہ کاری، پورے بالائی حصے میں برقی گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے کو وسعت دینے، رینج پر ہونے والی بے چینی کو کم کرنے، اور نیویارک کے شہریوں کے لیے الیکٹرک گاڑیوں کی ملکیت تک بہتر رسائی کو ترجیح دینے کی خاطر، ریاست نیویارک کے عزم کو آگے بڑھاتی ہے۔ وفاقی ووکس ویگن سیٹلمنٹ فنڈز کو جزوی طور پر استعمال کرتے ہوئے، ہماری زیادہ سے زیادہ اسکول بسوں کی برق کاری کرنے سے ریاست بھر میں اسکول آنے اور جانے

کے راستے میں ہمارے طلبا کی صحت بہتر ہو گی۔ گورنر Hochul آپ کا شکریہ کہ آپ نے نیویارک میں الیکٹرک گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کو جاری رکھنے اور ہمارے نقل و حمل کے سیکٹر کی برقی کاری کو ترجیح دی ہے۔"

چارج پوائنٹ کے صدر اور CEO Pasquale Romano نے کہا، "ملک میں سب سے زیادہ پُرجوش اہداف یہ ہیں کہ نیویارک کے اخراج میں کمی لائی جائے، اور گورنر Hochul نے بجا طور پر احساس کیا ہے کہ الیکٹرک گاڑیاں اس حل کا حصہ ہونی چاہیئں۔ اب ہمیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیئے کہ ہر کمیونٹی میں اور سفری راہداری میں — بالخصوص جو لوگ پسماندہ علاقوں میں ہیں — ان کو چارجنگ تک رسائی حاصل ہے۔ ہم گورنر Hochul اور NYSERDA کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے امپائر اسٹیٹ میں الیکٹرک گاڑی کی چارجنگ کو وسعت دینے کے لیے کوششیں کی ہیں اور NYSERDA اور مرکزی نیویارک، شمالی ملک، فنگر لیکس، مغربی نیویارک، اور موہاک ویلی کمیونٹیز کے ساتھ اس دلچسپ پروجیکٹ پر کام کرنے کے منتظر ہیں۔"

EV گیٹ وے کی نائب صدر برائے کارپوریٹ امور Divina Anzures نے کہا، "Ev گیٹ وے کو NYSERDA کے ساتھ شراکت داری کرنے پر خوشی ہو رہی ہے تاکہ ریاست نیویارک، بالخصوص پسماندہ کمیونٹیز کے کام آنے والے علاقوں میں EV چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنایا جائے۔ ہم ریاست کی DC فاسٹ چارجنگ راہداری کو تشکیل دینے میں مدد کرنے کے منتظر ہیں۔"

ریاست نیویارک کی 1$ بلین کی سرمایہ کاری اس کے آمد و رفت کے شعبے کو برقی بنانے میں ریاست کے صاف آب و ہوا اور ماحول دوست توانائی کے منصوبے کو پورا کرنے کے لیے بہت ضروری ہے۔ ریاست، گورنر Hochul کی قیادت میں، تیزی سے ایسے اقدامات کو آگے بڑھا رہی ہے تاکہ 2035 تک فروخت ہونے والی تمام نئی مسافر کاروں اور ٹرکوں کا اخراج صفر ہو، ساتھ ہی اسی سال تمام اسکول بسوں کا اخراج بھی صفر ہو۔ گاڑیوں سے کاربن کے اخراج اور آلودگی کو کم کرنے سے صاف ہوا اور صحت مند کمیونٹیز بنتی ہیں، خاص طور پر سہولیات سے محروم علاقوں میں۔ اقدامات کے ایک سلسلے سے نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے الیکٹرک گاڑیوں تک رسائی بڑھے گی اور صاف ستھری آمد و رفت میں بہتری آئے گی جن میں EV میک ریڈی، EVolve NY، ڈرائیو کلین ریبیٹ، دی نیویارک ٹرک واؤچر انسینٹیو پروگرام (New York Truck Voucher Incentive Program, NYTVIP)، چارج NY، اور NEVI کے تحت وفاقی فنڈنگ شامل ہیں۔ ان پروگرامز کو اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ 2025 تک سڑکوں پر صفر اخراج کرنے والی 850,000 گاڑیاں لائی جائیں اور گاڑی کی الیکٹرک چارجنگ کے بنیادی ڈھانچے کو توسیع دی جائے۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔ اس کی بنیاد صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیو یارک کی بے مثال سرمایہ کاری پر ہے جس میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابلِ تجدید اور ترسیل کے منصوبوں میں 35$ بلین سے زیادہ، عمارتوں کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، 1$ بلین سے زائد صاف نقل و حمل کی پہل کاروں کے لیے، اور 1.6$ بلین سے زائد نیو یارک گرین بنک وعدوں کے لیے ہے۔ باہم مل کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 میں نیویارک کی صاف ستھری توانائی کے سیکٹر میں 165,000 سے زیادہ ملازمتوں، 2011 سے اب تک تقسیم شدہ سولر سیکٹر میں 2,100 کی شرح فیصد کے اضافے، اور 2035 تک ساحلی کنارے کی ہوا سے 9,000 میگاواٹس پیدا کرنے کے عزم کی معاونت کرتی ہیں۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ

کمیونٹیز کی طرف ہو، اور پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418